Islamiat Elective - 10th Class Islamiat Elective Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. حدیث مبارکہ میں ہمسائے کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

Ans 1: "حدیث مبارکہ میں ہمسائے کے بارے میں کہا گیا ہے" وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے سیر ہوکر رات گزاری اور اس کا ہمسایہ بھوکا رہا

Q2. ہمسائے کے کوئی سے دو حقوق لکھیے.

Ans 1: 1. ہمسایہ اگر تکلیف میں ہوتو اس کی مدد کرنا. 2. ہمسایہ اگر بھوکا ہوتو اس کو کھانا کھلانا

Q3. مومن آپس میں کیا ہیں.

Ans 1: مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔.

Q4. فاعتبرو یا ولی الابصار

Ans 1: ترجمہ: اے بصیرت والو عبرت حاصل کرو

Q5. حسد کا نقصان بیان کیجے

Ans 1: حسد کرنے والا اپنی بری عادت کی وجہ سے اللہ اور رسول سے سرکشی پر آمادہ ہوجاتا ہے اور انسانیت اور نیکیوں سے ہاتھ دھوبیٹھتا ہے حسد خود غرضی کا نتیجہ ہے خود غرضی حیوانیت کا دوسرا نام ہے اس لیے حاسد انسانیت سے کل کر حیوانیت میں قدم رکھتا ہے اور اپنی نیکیوں کو ضائع کردیتا ہے

Q6. رحم کے بارے میں حدیث بیان کریں.

Ans 1: جو شخص رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا.

Q7. عصبیت کے بارے میں سوال کرنےوالے صحابی کا نام لکھئے.

Ans 1: عصبیت کے بارے میں سوال کرنے والے صحابی کا نام واثلتہ الاسقع تھا. انہوں نے حضور پاک (صل اللہ علیہ وسلم) سے عصبیت کے بارے میں سوال کیا تھا.

Q8. حسد کی تعریف کریں.

Ans 1: حسد اس خواہش کا نام ہے کہ جسے جو ملا ہے اسے کیوں ملا ہے. اگر کسی کو کچھ ملا ہے تو اس سے چھن جائے اور مجھے مل جائے.

Q9. عصبیت کسے کہتے ہیں.

Ans 1: اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصبیت یا تعصب اپنی قوم خاندان یا وطن سے محبت کرنے کا نام نہیں بلکہ اس بات کا نام ہے تو ظلم میں اپنی قوم کی مدد کرے اور قوم کی محبت تجھے اس قدر اندھا کردے کہ تو ظلم میں بھی اس کی مدد کرنا جائز سمجھے

Q10. حدیث کی رو سے سعادت مند کون ہے

Ans 1: آخضرت کا ارشاد گرامی ہے سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے سبق حاصل کرے